دین اور صاحب ورع وتقوی ہے،اور بڑی اعلیٰ پائے کے علمی اور قدآور شخصیت ہیں،ملولد سرلابیہ کے مصداق ہیں،
معہد الخلیل الاسلامی میں استاد حدیث کے مسند پر فائز ہیں ،زیر نظر کتاب تحفۃ القاری مولانا یوسف مدنی کی کاوش اور رشحات قلم کا مجموعہ ہے صحیح بخاری کی یہ شرح اردو زبان میں ایک جامع علمی نمونہ ہے زیر تبصرہ جلد وفاق المدارس العربیہ بنات کے نصاب میں صحیح بخاری کا جو حصہ شامل ہے اس حصہ کی یہ مکمل اور جامع اور مستند تشریح ہے مصنف علام نے اس حصہ میں بنات کا لحاظ بھی بخوبی رکھا ہے، اور بڑی عرقریزی ،محنت اور جانفشانی سے اس شرح کو تیار کیا ہے اور تشنگان علوم حدیث کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے کی سعی کی گئی ہے ،اور تمام مشکل الجواب اور مشکل مقامات پر سیر حاصل علمی مباحث کیں ہیں ، مولف نے ایک ایسی ضرورت کو پورا کیا ہے، کہ اردو میں اسکی طلب تھی شرح کا اسلوب اور انداز تحریر نہایت سہل اور اسکی چاشنی ،سہل نگاری ،سلاست اور روانی قاری خود محسوس کریں گے۔
امید ہے طلباء اس سے مستفید ہوتے رہیں گے ،اللہ تعالیٰ مؤلف کو عمر جاوداں عطاء فرمائے ،اور ہر لمحہ پر شاداں وفرحاں رکھے تا کہ اسکی مزید جلدیں منظر عام کو معطر کرسکیں ۔(مبصر:محمد اسلام حقانی)

- سہ ماہی **انوار اسلام حیات شاد نمبر** .... **مولانا مفتی احمد نور صاحب**

ضخامت:۵۰۶صفحات ناشر: جامعہ اشرفیہ مانکوٹ تحصیل کبیروالا ضلع خانیوال (03027304901)

مولانا محمد اشرف شاد صاحب مرحوم عصر قریب کے انتہائی جید،محقق اور مدرس تھے، درس نظامی خصوصاً فنون میں وہ امام الصرف والنحو سے مشہور ہوئے۔ پاکستان کے اطراف واکناف سے ہزاروں طلباء ان سے فیض یاب ہوئے۔ انتہائی سادہ، نرم دل، شفیق اور محبوب شخصیت کے مالک تھے۔ پاکستان میں عموماً جبکہ پنجاب میں خصوصاً اکثر مذہبی قیادت نے ان سے کسب فیض کیا، راقم نے خود اُن سے ارشاد الصرف پڑھا......منفرد انداز تدریس کی وجہ سے ان کی ادائیں آج تک دل ودماغ میں ثبت ہیں۔ مرحوم مذاق کی اعلیٰ حس رکھتے تھے،کبھی پٹھان اور کبھی پنجابی طلباء کو چھیڑنے کے لئے عجیب لطائف دوران درس سنایا کرتے تھے۔ان کی تدریس کی سب سے بڑی خصوصیت یہ تھی کہ وہ کمزور سے کمزور، نالائق سے نالائق طالب میں بھی پڑھنے کا جذبہ اور Motivation پیدا کرتے تھے، جس کے اثر سے درس نظامی کے طویل وعریض علمی سفر کو بڑی آسانی سے عبور کرسکتا تھا۔ایسے علمی اور فنافی اللہ شخصیات کے سوانح اور علمی خدمات اکثر انکی کسر نفسی کی وجہ سے حیطہ تحریر میں لانا کارے دارد.....مگر اللہ تعالیٰ استاذ محترم کے فرزند دلبند مولانا مفتی احمد نور حفظہ اللہ کو اجر جزیل عطا فرمائے۔جنہوں نے انتہائی کوشش اور جانفشانی کے بعد سہ ماہی ’’انوار اسلام‘‘ کا خصوصی شمارہ ’’حیات شاد‘‘ نمبر نکالا۔سہ ماہی ’’انوار اسلام‘‘ مولانا شاد مرحوم کا قائم کردہ ادارہ جامعہ